آؤ! نماز پڑھیں (طلبہ و نوجوانوں کے لئے ترغیبی تحریک)

مکمل نماز سکھانے کے لئے ورکشاپ

الحمدللہ 10 سال سے 20 سال کی عمر کے طلبہ و نوجوانوں کو نماز کی طرف راغب کرنے کے لئے علماء کرام کی سرپرستی اور شہر بیدر کی تمام ملی و دینی تنظیموں و تحریکوں کی نگرانی میں بیدر ریٹائرمنٹ فاؤنڈیشن نے "آؤ! نماز پڑھیں" تحریک شروع کی ہے جس کا باضابطہ آغاز گزشتہ 21 جون 2024ء شروع ہو چکا ہے اور ائمہ مساجد اور والینٹرس کے ذریعہ روزانہ نماز فجر میں تحریک سے جڑے طلبہ و نوجوانوں کی حاضری کا سلسلہ بحسن وخوبی جاری و ساری ہے۔

تحریک میں شامل بچے بڑے جوش و خروش کے ساتھ نماز فجر میں حاضر ہو رہے ہیں ایسے میں اس بات کی شدید ضرورت ہے کہ جس طرح ان کو نماز کی طرف راغب کیا گیا ہے اسی طرح یہ بھی اہم ہے کہ ان کی نماز کو درست کیا جائے۔ کیوں کہ نماز کی طرف رغبت کے ساتھ ہر نمازی کا درست طریقہ سے تمام فرائض و شرائط، سنن و آداب کی رعایت کے ساتھ نماز کا ادا کرنا ضروری ہے۔ اس لئے آئندہ 21 جولائی 2024ء سے ہر اتوار کو بوقت صبح 10 بجے تا 4 بجے شہر کے مختلف 12 کلسٹر کی کسی ایک مسجد میں اس ورکشاپ کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ اس ورکشاپ کے پہلے مرحلہ میں کلسٹر کی سطح پر ہر مسجد میں 24 بچوں کو ہی شامل کیا جائے گا۔ اس طرح پہلے مرحلہ میں 288 بچوں کو اس سنہرے موقع سے استفادہ کی گنجائش ہوگی۔ 6 بچوں کی تربیت کے لئے ایک استاذ مقرر ہوں گے۔ ورکشاپ میں شامل بچوں کی نماز کی ادائیگی کے طریقوں کا ٹسٹ لیا جائے گا اور جس بچہ میں جو کمی ہوگی اس کو تعلیم و تربیت کے ذریعہ دور کیا جائے گا۔ جب بچے پنج وقتہ نمازوں اور نماز جنازہ وغیرہ کے طریقوں سے واقف ہو جائیں گے ان کو کمپیوٹر جنریٹیڈ ایک سند دی جائے گی۔ ایک مرحلہ کی تکمیل کے بعد ویٹنگ لسٹ کے بچوں کا ورکشاپ شروع ہوگا۔

شہریان کی خواہش اور ضرورت کے پیش نظر والینٹرس کی حصولیابی کے بعد تربیتی ورکشاپ سنٹر میں اضافہ کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

اپیل: اس عظیم ترین کام کے لئے والینٹرس کی ضرورت ہے جو تربیتی ورکشاپ میں شامل نسل نو کی ایمانی و روحانی خصوصاً نمازوں کی ادائیگی کے طریقے، فرائض و شرائط، سنن و آداب سکھا سکیں۔ اس لئے علماء کرام، ریٹائرڈ ٹیچرس حضرات و حفاظ کرام سے عاجزانہ، ہمدردانہ و مخلصانہ اپیل کی جاتی ہے کہ وہ اس اہم ترین فریضہ کی ادائیگی کے لئے آگے آئیں اور اس تحریک کو کامیاب بنانے میں تعاون کریں۔ چونکہ ہماری خواہش ہے کہ شہر کا ہر بچہ نماز کے صحیح طریقوں سے واقف ہو جائے۔ لہٰذا وہ تمام حضرات جو اپنا قیمتی وقت دے سکتے ہیں اور خدمات پیش کرنے کے خواہشمند ہیں وہ اپنے قریبی بی ایف سیوا کیندرا سے رجوع کریں اور اپنے کلسٹر کی نشاندہی کے ساتھ اپنا نام درج کرائیں۔

-- Cut Here ✂

ورکشاپ فارم

نام **Name:** ....

والد/سرپرست کا نام **Father/Guar. Name:** ....

Cluster No.: .... کلسٹر نمبر **Masjid Name:** .... مسجد کا نام

مکمل پتہ **Full Address :** ....

....

رابطہ نمبر **Contact Nol :** ....

....

دستخط والد/سرپرست

Father/Guard. Sing

اس ورکشاپ سے جڑنے کے لئے حسب ذیل فارم بھرتی کر کے ہمارے قریبی سیوا کیندر یا کسی والینٹر کے پاس جمع کریں۔

نوٹ: مذکورہ فارم بھر کر فوری جمع کریں کیوں کہ پہلے مرحلہ میں صرف 24 طلبہ کی گنجائش ہے۔ پہلے موصول ہونے والے 24 فارم کو ہی پہلے مرحلہ میں شامل کیا جائے گا۔